11 ستمبر 2023ء

اگست 2023ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی پریس ریلیز

- کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مد میں اگست 2023ء میں 2.1 ارب ڈالر موصول ہوئے۔
- اگست 2023ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر میں ماہ بہ ماہ بنیاد پر 3.1 فیصد اضافہ ہوا۔
- جولائی تا اگست مالی سال 24ء میں ترسیلاتِ زر کی مد میں مجموعی طور پر 4.1 ارب ڈالر موصول ہوئے۔
- اگست 2023ء میں ترسیلاتِ زر کی آمد کے اہم ذرائع میں بالترتیب سعودی عرب (490.1 ملین ڈالر)، برطانیہ (331.3 ملین ڈالر) متحدہ عرب امارات (308.0 ملین ڈالر) اور امریکہ (262.4 ملین ڈالر) شامل ہیں۔

*****